التکویر

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	جب سورج لپیٹ لیا جائے گا۔
۲	اور جب تارے بے نور ہو جائیں گے۔
۳	اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے۔
۴	اور جب بیانے والی اونٹنیاں یونہی چھوڑ دی جائیں گی۔
۵	اور جب وحشی جانور جمع کئے جائیں گے۔
۶	اور جب سمندر آگ ہو جائیں گے۔
۷	اور جب روحیں جسموں سے ملا دی جائیں گی۔
۸	اور جب اس بچی سے جو زندہ دفنا دی گئی ہو پوچھا جائے گا۔
۹	کہ وہ کس گناہ کے سبب قتل کر دی گئی۔
۱۰	اور جب اعمال کے دفتر کھولے جائیں گے۔
۱۱	اور جب آسمان کی کھال کھینچ لی جائے گی۔
۱۲	اور جب دوزخ کی آگ بھڑکائی جائے گی۔
۱۳	اور جب بہشت قریب لائی جائے گی۔
۱۴	تب ہر شخص معلوم کر لے گا کہ وہ کیا لے کر آیا ہے۔

۱۵	پس میں ان ستاروں کی قسم کھاتا ہوں جو پیچھے ہٹ جاتے ہیں۔
۱۶	اور جو سیر کرتے اور غائب ہو جاتے ہیں۔
۱۷	اور رات کی قسم جب وہ پھیلنے لگتی ہے۔
۱۸	اور صبح کی قسم جب وہ نمودار ہوتی ہے۔
۱۹	کہ بیشک یہ قرآن اس فرشتہ عالی مقام کا سنایا ہوا پیغام ہے۔
۲۰	جو صاحب قوت ہے مالک عرش کے ہاں اونچے درجے والا ہے۔
۲۱	سردار ہے ساتھ ہی امانتدار ہے۔
۲۲	اور مکے والو تمہارے رفیق یعنی ہمارے پیغمبر ﷺ دیوانے نہیں ہیں۔
۲۳	اور بیشک انہوں نے اس فرشتے کو آسمان کے کھلے کنارے پر دیکھا ہے۔
۲۴	اور وہ غیب کی باتوں کے ظاہر کرنے میں بخیل نہیں۔
۲۵	اور یہ کسی شیطان مردود کا کلام نہیں ہے۔
۲۶	پھر تم لوگ کدھر جا رہے ہو؟
۲۷	یہ قرآن تو تمام جہان کے لئے نصیحت ہے۔
۲۸	یعنی اس کے لئے جو تم میں سے سیدھی راہ چلنا چاہے۔
۲۹	اور تم لوگ کچھ بھی نہیں چاہ سکتے مگر وہی جو اللہ رب العالمین چاہے۔